## حکومت اور عدلیہ ایک دوسرے کی محافظ بنیں، الطاف حسین

## حکومت، عدلیہ کی ہدایات پر عملدرآمد کرے اسی میں آئین، قانون اور انصاف کی بقاء ہے

## جاگیردارانہ نظام، کرپشن اور پاکستان ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے، اگر پاکستان کو بچانا ہے تو جاگیردارانہ نظام کو ختم کرنا ہوگا

## کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق اور پانچ کارکنان کا بہیمانہ قتل ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے

## تمام جماعتوں کے امیدوار ایک دوسرے کا احترام کریں اور ضمنی الیکشن میں جو جیتے اس کی جیت تسلیم کریں

## اورنگی کے عوام 17، اکتوبر کو حق پرست امیدوار کے انتخابی نشان ''پتنگ'' پر مہر لگا کر ثابت کردیں کہ وہ پہلے سے زیادہ متحد و منظّم ہیں

## پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں عظیم الشان جلسہ عام سے ٹیلی فونک خطاب

لندن۔۔۔15، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت اور عدلیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ ایک دوسرے کا احترام کریں، ایک دوسرے کی محافظ بنیں۔حکومت سے گزارش ہے کہ وہ عدلیہ کی ہدایات پر عملدرآمد کرے اسی میں آئین، قانون اور انصاف کی بقاء اور ملک وقوم کی بھلائی ہے۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام، کرپشن اور پاکستان ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے، اگر پاکستان کو بچانا ہے تو گلے سڑے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو ختم کرنا ہوگا۔انہوں نے مقتدر حلقوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان کو بچانا ہے تو ملک کی بقاء وسلامتی چاہنے والے ایماندار اور محبِّ وطن لوگوں کو آگے لانا ہوگا اور ملک سے کرپشن کا خاتمہ کرنا ہوگا۔انہوں نے اورنگی ٹاؤن کے عوام سے کہا کہ وہ 17، اکتوبر کے دن اپنا ووٹ ضرور کاسٹ کریں اور حق پرست امیدوار کے انتخابی نشان ''پتنگ'' پر مہر لگا کر ثابت کردیں کہ وہ پہلے سے زیادہ متحد و منظّم ہیں۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کی شب اورنگی ٹاؤن کے علاقے آفتاب گراؤنڈ میں پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے تحت منعقدہ انتخابی جلسہ سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔یہ نشست حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر کی شہادت کے باعث خالی ہوئی تھی۔جلسہ عام میں پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں، خواتین، نوجوانوں اور بچوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔جلسہ عام میں تاحدنگاہ انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر دیکھنے میں آیا۔اس موقع پر جلسہ کے شرکاء بالخصوص خواتین کا جوش وخروش قابل دید تھا۔جلسہ عام سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفی کمال، وسیم آفتاب اور ضمنی الیکشن میں ایم کیوایم کے نامزد امیدوار سیف الدین خالد نے بھی خطاب کیا۔جلسہ عام سے جناب الطاف حسین نے پشتو اور اردو زبان میں بھی خطاب کیا۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے حکومت اور عدلیہ سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ایک دوسرے کا احترام کریں، ایک دوسرے کی عزت کریں اور ایک دوسرے کی محافظ بنیں۔کیونکہ جو بے ایمانی کرے گا اسی کا نقصان ہوگا۔میری حکومت سے گزارش ہے کہ وہ عدلیہ کی ہدایات پر عملدرآمد کرے اسی میں آئین، قانون اور انصاف کی بقاء اور ملک وقوم کی بھلائی ہے۔حکومت سے کہتا ہوں کہ وہ عوامی امنگوں کا احترام کرے، عوام کی مشکلات کو سامنے رکھے، عوام کو پانی، بجلی، گیس، بے روزگاری، مہنگائی اور دیگر مسائل کا سامنا ہے لہٰذا حکومت اداروں سے محاذ آرائی کے بجائے مفاہمت کا راستہ اختیار کرے اور عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے پر توجہ دے۔انہوں نے پاکستان کے مقتدر حلقوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ آج کی تاریخ میں لکھ لیں کہ اگر پاکستان کو بچانا ہے تو پاکستان کی بقاء وسلامتی چاہنے والے ایماندار اور ملک سے محبت کرنے والے افراد کو آگے لانا ہوگا اور پاکستان سے کرپشن کا خاتمہ کرنا ہوگا۔فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام، کرپٹ نظام اور پاکستان ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے اگر پاکستان کو قائم ودائم رکھنا ہے تو ملک وقوم پر مسلط گلے سڑے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کو ختم کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے پارلیمنٹ میں بل جمع کرادیا ہے۔انشاءاللہ وہ دن بہت جلد آئے گا جب ملک سے جاگیردارانہ نظام کا ہمیشہ ہمیشہ کیلئے خاتمہ ہوجائے گا۔جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن کو الطاف ٹاؤن قرار دیتے ہوئے کہا کہ الطاف کے معنیٰ ''لطف ومحبت'' ہے، اورنگی ٹاؤن محبت کرنے اور جانیں قربان کرنے والے وفاداروں کا علاقہ ہے اور آج کے اس عظیم الشان جلسہ عام میں شاہ عبدالطیف بھٹائی، خوشحال خان خٹک، بابا رحمان، باچا خان کے پیغام امن کو پھیلانے والے غیرت مند سندھی، پختون، پنجابی، بلوچ، میانوالی، کشمیری، سرائیکی، گلگتی بلتستانی اور بنگالی بھائیوں کے علاوہ حضرت عیسیٰؑ کے ماننے والے عیسائی، ایشور کے ماننے والے ہندو اور گرونانک کے پیغام امن کو ماننے والے سکھ بھائی بھی شریک ہیں۔انہوں نے حق پرست رکن اسمبلی سید رضا حیدر شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ رضا حیدر کو شہید کرنے والے بزدل سن لیں کہ اب پی ایس 94 کے ضمنی الیکشن میں سیف الدین خالد کو نامزد کیا گیا ہے جو خالد بن ولید کی تلوار کی طرح ایسی تلوار ہے جو مظلوموں کی گردن کاٹنے والے ظالم کو روکنے کیلئے اٹھے گی۔انہوں نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن کے بزرگوں، ماؤں، بہنوں، بچوں اور نوجوانوں کے حوصلے شیر اور شیرنیوں سے بھی زیادہ بلند ہیں۔وہ اپنی جان تو دے سکتے ہیں لیکن حق پرستی کی جدوجہد سے بے وفائی نہیں کرسکتے۔یہاں کی مائیں

بہنیں اتنی بہادر ہیں کہ اگر تحریک کے ایک ایک مرد کو شہید بھی کر دیا جائے تو وہ بی بی زینبؑ کی طرح دربار یزید میں آوازِ حق بلند کرتی رہیں گی۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ حق پرستی کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور ملک میں غربت ، بے روزگاری ، مہنگائی ، ناانصافی ، ظلم وجبر اور کرپشن کے خلاف جو عوامی انقلاب آئے گا اورنگی ٹاؤن کے بہادر عوام اس انقلاب کا ہراول دستہ بنیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دوروز قبل ایم کیوایم کے پانچ کارکنوں کو اغواء کرکے شہید کر دیا گیا تا کہ عوام کو خوف زدہ کر کے ایم کیوایم کا جلسہ ناکام بنایا جاسکے لیکن آج کے جلسہ میں عوام کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر اس بات کا ثبوت ہے کہ سازشوں اور قتل وغارتگری سے حق پرست عوام کو خوف زدہ نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق اور گزشتہ دونوں ایم کیوایم کے پانچ کارکنان کا بہیمانہ قتل ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے۔انشاءاللہ اسکاٹ لینڈ یارڈ اور برطانیہ کے تحقیقاتی ادارے ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں کو ضرور گرفتار کریں گے۔اللہ تعالیٰ ،ایم کیوایم کے شہداء کا حساب ضرور لے گا لیکن جب ملک میں عوامی انقلاب آئے گا تو ایم کیوایم کے تمام کارکنوں کے قتل کا عوامی احتساب ہوگا۔جناب الطاف حسین نے پشتو زبان میں تقریر کرتے ہوئے پختون بھائیوں کو جلسہ میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پختون بھائیوں کو ایم کیوایم کے بارے میں بہکایا گیا مگر اب وہ حقیقت کو سمجھ رہے ہیں کہ پختونوں کا اصل ہمدرد ایم کیوایم اور الطاف حسین ہیں۔انہوں نے اردو اور پشتو بولنے والے بھائیوں سے اپیل کی کہ وہ آپس میں متحد ہوجائیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ ضمنی الیکشن میں حصہ لینے والے دیگر جماعتوں کے امیدوار کا احترام کریں اسی طرح دیگر جماعتوں کے امیدوار بھی ایم کیوایم کے امیدوار کا احترام کریں۔صبر کا دامن تھامے رکھیں، جمہوریت پسند اور مہذب پاکستانی کی طرح انتخاب میں حصہ لیں اور ایک دوسرے کے دشمن بننے کے بجائے جو جیتے اس کی جیت کو تسلیم کریں کیونکہ یہی مہذب قوموں کا شعار ہے۔ جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن کے عوام کو پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب میں حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی کامیابی کی پیشگی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ 17، اکتوبر کو اپنا ووٹ ضرور کاسٹ کریں اور حق پرست امیدوار کے انتخابی نشان ''پتنگ'' پر اپنے اعتماد کی مہر لگا کر ثابت کر دیں کہ اورنگی ٹاؤن کے عوام پہلے سے زیادہ متحد ومنظم ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو ہدایت کی کہ وہ کامیابی کے بعد اورنگی ٹاؤن کے عوام کو ہرگز مایوس نہ کریں، محنت ،لگن اور ایمانداری سے فرائض انجام دیں اور سب کی بلاامتیاز رنگ ونسل خدمت کریں۔جناب الطاف حسین نے زلزلہ زدگان اور سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر خدمات انجام دینے والے تمام کارکنوں کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کیا اور اورنگی ٹاؤن میں جلسہ عام کے کامیاب اور منظم انتظامات کرنے والے کارکنوں کو سیلوٹ پیش کیا۔

## پی ایس 94 کے ضمنی انتخابات ،ایم کیوایم کے تحت اورنگی ٹاؤن سیکٹر الیون ای میں عظیم الشان جلسہ عام کا انعقاد

کراچی۔۔۔15 اکتوبر 2010ء

پی ایس 94 کی نشست پر 17، اکتوبر کو ہونے والے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں جمعہ کی شب اورنگی ٹاؤن کے علاقے سیکٹر الیون ای کے آفتاب گراؤنڈ بالمقابل افضا پارک میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام بڑا انتخابی جلسہ عام منعقد ہوا جس سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فونک خطاب کیا۔انتخابی جلسہ عام کے شرکاء نے 17 اکتوبر کو ہونے والے ضمنی الیکشن میں پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور ضمنی الیکشن میں انہیں زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرانے کے عزم کا اظہار کیا۔انتخابی جلسہ عام میں اورنگی ٹاؤن کے علاقوں بلاک جے امام کالونی ، ہاشمی کالونی ،قبال بلوچ کالونی ، ملت کالونی ، سیکٹر 11-E، 11-A، محمد نگر، رحیم شاہ کالونی ، اسلام نگر، فیض عام کالونی ،فرید کالونی، مصطفیٰ کالونی ، مدینہ کالونی ، بلاک ایل بابا ولایت علی شاہ کالونی ،2-1 توحید کالونی ، راجہ غریب نواز کالونی ،صدیق اکبر کالونی ، مہاجر چوک (الفاروق سوسائٹی) حنیف آباد ،صدیقی کالونی ، معراج النبی کالونی ، ربی کالونی ، ہریانہ کالونی ، بسمہ اللہ کالونی ، قائم خانی کالونی ، فقیر کالونی ، ہزاروی محلّہ ، شاہ محلّہ ، محمد بلوچ محلّہ ، نورانی محلّہ ، حنیف آباد ، الفتح کالونی ، الصدف کالونی ، حسین آباد اور غازی نگر کی پختون ، پنجابی ، سرائیکی ، بلوچ ،سندھی ، ہزارے وال اور دیگر برادریوں سے تعلق رکھنے والے لاکھوں افراد نے شرکت کی۔جلسہ عام کیلئے آفتاب گراؤنڈ کو پنڈال میں تبدیل کیا گیا تھا اس سلسلے میں آفتاب گراؤنڈ میں سینکڑوں بانس لگائے گئے تھے جن پر ایم کیوایم کے سہ رنگی پرچم لہرا رہے تھے جبکہ برقی قمقموں سے کی گئی سجاوٹ پنڈال رات میں بھی دن کا سماں پیش کر رہا تھا۔پنڈال میں ایک بڑا اسٹیج بنایا گیا تھا جس کے سامنے کے حصے میں گلاب کے پھولوں کی مدد''اختیار سب کیلئے'' تحریر تھا اسٹیج پر بڑی اسکرین آویزاں کی گئی تھی، اسکرین کے درمیان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصویر بنائی گئی تھی جبکہ اس کے دائیں جانب بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کا اورنگی ٹاؤن پی ایس 94 کے غیور عوام سے خطاب جبکہ بائیں جانب بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کے نامزد کردہ حق پرست امیدوار سیف الدین کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں'' جعلی حروف میں تحریر تھا اس کے علاوہ اسکرین پر انتخابی نشان پتنگ بھی خوبصورت انداز میں نمایاں طور پر دکھائی دے رہی تھی۔جلسہ گاہ کے اطراف کی عمارتوں کو بھی ایم کیوایم کے پرچموں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اور بینروں سے سجایا گیا تھا جس کے سبب تمام علاقہ جگمگا رہا تھا۔جلسہ عام کیلئے مختلف داخلی گیٹ بنائے گئے تھے جہاں سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے اس موقع پر اورنگی ٹاؤن کے مختلف

علاقوں سے لوگ سرِ شام ہی سینکڑوں گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، رکشوں، بسوں، سوزوکیوں کے علاوہ جلوسوں اور ٹولیوں کی شکل میں جلسہ عام پہنچنے لگے اس موقع پر وہ فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے اور انہوں نے اپنے ہاتھوں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیو ایم کے پرچم تھام رکھے تھے۔ پنڈال میں ایم کیو ایم کے ترانوں کی ریکارڈنگ بجائی جاتی رہی جن پر شرکاء والہانہ رقص کرتے رہے جبکہ خواتین تالیاں بجا کر اپنے جوش وخروش کا اظہار کرتی رہیں۔ جلسہ عام میں خواتین نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر ان کا جوش وخروش قابل دید تھا جبکہ خواتین ایک بڑی اکثریت ایم کیو ایم کے پرچم کے رنگوں پر مشتمل لباس زیب تن کئے ہوہوئیں تھیں اور انہوں نے اپنے ہاتھوں میں سہ رنگی چوڑیاں پہن رکھی تھی جبکہ مرد کارکنان نے اپنی ڈیوٹیاں کی مناسب تے بیجز اور کارڈ آویزاں کئے ہوئے تھے۔ پنڈال میں اسٹیج کے بائیں جانب صحافیوں کیلئے بڑا انکلوژر بنایا گیا تھا جہاں پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ جلسہ عام کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز 7 بجکر 35 منٹ پر ہوا ٹھیک 8 بجکر 40 منٹ پر پنڈال میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون لائن پر آمد کا اعلان کیا گیا اس موقع پر شرکاء میں جوش وخروش کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکر جناب الطاف حسین کا پرتپاک استقبال کی۔ اس دوران جلسہ عام کے شرکاء پر زبردست گل پاشی کی گئی اور ایم کیو ایم کا مشہور ترانہ ''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' کی ریکارڈنگ بھی بجائی گئی۔

## ایم کیو ایم بُلٹ کے مقابلے میں بیلیٹ پر یقین رکھتی ہے، فاروق ستار

## ہم رضا حیدر شہید کا بدلہ بیلٹ سے لینگے، اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علی گڑھ الطاف حسین کے چاہنے، ماننے اور مرمٹنے والوں کا علاقہ ہے

## پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن انتخابی جلسہ عام/مقررین/خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ 17، اکتوبر کو ہمیں ایک اور مقابلے کا سامنا ہے ہمیں اس دن یہ ثابت کرنا اور بتانا ہے کہ ہماری روایت ہے کہ ہم گولی کا بدلہ ووٹ سے لیتے ہیں اور بُلٹ کی سیاست کے مقابلے میں بیلیٹ کی سیاست کے ماننے والے ہیں، آج ہم عہد کرتے ہیں کہ رضا حیدر شہید کا بدلہ بیلٹ کے ذریعے لینگے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کی شب اورنگی ٹاؤن سیکٹر الیون ای کے آفتاب گراؤنڈ میں پی ایس 94 کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں منعقدہ انتخابی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی کے علاوہ دیگر ارکان رابطہ کمیٹی نیک محمد، رضا ہارون، کیف الوریٰ، ڈاکٹر صغیر احمد، شعیب بخاری، سید شاکر علی، توصیف خانزادہ، حق پرست ارکان قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، اقبال قادری، حق پرست رکن سندھ اسمبلی منظر امام، مظاہر امیر، سید رضا حیدر شہید کے صاحبزادے خرم علی بھی موجود تھے جبکہ جلسہ عام سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال، وسیم آفتاب، پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد اور ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے سیکٹر انچارج عبدالحق نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پی ایس 94 سے ہمیشہ الطاف حسین کے ماننے والے امیدواروں نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی ہے۔ یہاں سے 1988ء مسلسل الطاف حسین کے نامزد امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرایا گیا ہے آج ہم عہد کرتے ہیں کہ رضا حیدر شہید کا بدلہ بیلٹ کے ذریعے لینگے یہ مقابلہ سیاسی جماعتوں کے درمیان نہیں بلکہ ڈرگ مافیا، لینڈ مافیا، بھتہ خوروں اور الطاف حسین کے ماننے والوں کے درمیان ہے جنہوں نے ان مافیا کے ایجنٹوں اور انتہاء پسندوں سے گٹھ جوڑ کرکے رضا حیدر کو شہید کیا، باچا خان کے ماننے والے گمراہ ہوچکے ہیں تو ہم کراچی کے پختونوں اور باچا خان کے ماننے والوں کے ساتھ ملکر ایسے انقلاب کی بنیاد رکھیں گے کہ آنے والے عام انتخابات میں صوبہ خیبر پختونخواہ سے الطاف حسین کے نامزد امیدواروں کو کامیاب کرایا جائے گا یہ ہمارا عہد ہے کہ اس کا آغاز ہم 17 اکتوبر کو کریں گے، ذرعی اصلاحات اراضی کا بل جہاں جاگیرداروں اور وڈیروں کے جابت میں آخری کھیل ثابت ہوگا وہاں یہ ڈرگ مافیا اور لینڈ مافیا کے تابوت میں بھی آخری کیل ثابت ہوگا۔ رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ الطاف حسین کے کارکن سید رضا حیدر کو ظالموں نے دن کے اجالے میں شہید کردیا گیا، اورنگی ٹاؤن کے عوام نے تمام انتخابات میں صرف ایم کیو ایم ہی کو کامیاب کرایا ہے، 27 سالوں کا ریکارڈ اور تاریخ دیکھیں تو اندازہ ہوجائے گا کہ یہ حلقہ کس کے ماننے اور چاہنے والوں کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر الیکشن میں حصہ لینے والے مخالفین میں ذرہ برابر بھی شرم ہوتی تو وہ سید رضا حیدر کی شہادت پر اور حلقہ کے عوام سے اظہار یکجہتی کرتے اور اپنے امیدواروں کو کھڑا ہی نہیں کرتے لیکن شرم کا یہ معاملہ وہاں ہوتا ہے جہاں اصولوں اور غریت کا معاملہ ہوتا ہے۔ اس شہر پر قبضہ کرنے والوں کا خواب ہے کہ وہ یہاں کی زمینوں پر قبضے کریں، پیٹرول پمپس بنائیں لیکن زمینوں پر قبضہ کرنا تو آسان ہے مگر الطاف حسین کے کارکنوں کے دلوں پر قبضہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے چند گھنٹوں پہلے تک اپنے ساتھیوں کے جنازے اٹھائے ہیں اگر ایم کیو ایم ظلم، جبر اور گن پوائنٹ پر ووٹ لینے والی ہوتی تو شہر میں کسی سیاسی

جماعت کے نہ تو دفاتر ہوتے اور نہ ہی ان کے جھنڈے کہیں نظر آتے۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین اور ایم کیو ایم اس شہر میں رہنے والے پختونوں سمیت تمام قومیتوں کے متفقہ قائد اور جماعت ہیں۔ ہم نے اپنے خون و پسینے سے اس شہر کو ترقی دی ہے صرف اپنے ہی علاقوں میں کام نہیں کرائے بلکہ مخالفین کے علاقوں میں بھی بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کرائے گئے ہیں یہی انسانیت کی خدمت ہے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علی گڑھ الطاف حسین کے چاہنے، ماننے اور مرمٹنے والوں کا علاقہ ہے یہاں کی ماؤں نے ایسے سپوت جنم دیئے جنھوں نے حق پرستی کی تاریخ رقم کی ہے، شہید رضا حیدر نے شہادت قبول کرلی لیکن سر نہیں جھکایا جب جب ہمیں شہید کیا جائے گا ہم اور نکلیں گے ہمیں مٹانا اس ملک کے جابروں اور ظالموں کے بس کی بات نہیں ہے۔ ہم نے ایسے فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی بات کی ہے جہاں قومیتیں ظلم کی چکی میں پس رہی ہیں اس ملک میں آج بھی غلامی کا سورج طلوع ہوتا ہے جہاں خوف ہے کہ کل کیسے جیئں گے اور کیسے تعلیم حاصل کریں گے جس آزادی کا سپنا ہمارے بزرگوں نے دیکھا تھا ہم اسے رائیگاں نہیں جانے دیں گے ہمیں پندرہ ہزار کارکنوں کی شہادت کا کوئی افسوس نہیں بلکہ ایک نہیں ایک لاکھ رضا حیدر کی شہادت کیلئے تیار ہیں ہم وہ تاریخ لکھیں گے جس کا مٹانا کسی کے اختیار میں نہیں ہوگا سورج مشرق سے نکلنا تو بند ہوسکتا ہے لیکن الطاف حسین اپنی بات سے پھر جائے ایسا ممکن نہیں۔ حق پرست امیدوار برائے پی ایس 94 سیف الدین خالد نے کہا کہ حلقہ پی ایس 94 میں پاکستان کی تمام قومیتوں اور برادریوں کے لوگ آباد ہیں جو اس جلسے میں بھی موجود ہیں۔ 17، اکتوبر کے دن ہم فتح حاصل کرکے جناب الطاف حسین کو تحفہ اور تمام قومیتوں کے اعتماد کا گلدستہ پیش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہید سید رضا حیدر الطاف حسین کی فکر اور تعلیمات کے مطابق اپنے تحریکی فرائض انجام دے رہے تھے کہ انہیں شہید کردیا گیا ان کی شہادت سے نہ صرف تمام کارکنان بلکہ قائد تحریک الطاف حسین بھی غم زدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام مسائل کا حل جناب الطاف حسین کے پاس ہے۔ سابق ٹاؤن ناظم اورنگی ٹاؤن اور اورنگی ٹاؤن سیکٹر انچارج عبدالحق نے کہا ہے کہ اورنگی کے عوام 17 اکتوبر کو بیلٹ کے ذریعے شہید سید رضا حیدر کی شہادت کا انتقام لیں گے شہید سید رضا حیدر کو صرف اس قصور میں شہید کیا گیا کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر عمل تھے اور ان کے کارکن تھے۔ یہ انتخاب ایک ریفرنڈم بھی ہوگا اور عوام ثابت کردیں گے کہ حلقہ پی ایس 94 قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والوں کا علاقہ ہے۔

## الطاف حسین رپی ایس 94 کے حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو کامیابی کی پیشگی مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پی ایس 94 سے حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو الیکشن میں کامیابی کی پیشگی مبارکباد دی ہے۔ جمعہ کی شب اورنگی ٹاؤن سیکٹر الیون ای کے آفتاب گراؤنڈ میں انتخابی جلسہ عام سے کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج پندرہ اکتوبر کو نکاح ہوچکا ہے اور 17 اکتوبر کو رخصتی ہونا باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پندرہ اکتوبر کو ایم کیو ایم کی پتنگ نے تمام سیاسی جماعتوں کی پتنگوں کا صفایا کردیا ہے اور 17 اکتوبر کو آسمان پر صرف ایم کیو ایم کی ہی پتنگ نظر آئے گی۔ انہوں نے سیف الدین خالد کو ہدایت کی کہ وہ اورنگی ٹاؤن کے عوام کی بلا رنگ و نسل، مذہب و مسلک خدمت کریں اور انہیں ہرگز مایوس نہ کریں۔

## انتخابی جلسہ عام میں شہید رضا حیدر کے صاحبزادے خرم علی کی خصوصی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

جمعہ کی شب اورنگی ٹاؤن سیکٹر الیون ای کے آفتاب گراؤنڈ میں پی ایس 94 کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں منعقدہ انتخابی جلسہ عام میں شہید رضا حیدر کے جوان سال صاحبزادے سید خرم نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ انہیں پورے احترام، محبت اور عقیدت کے ساتھ اسٹیج پر بٹھایا گیا۔

## اورنگی ٹاؤن، الطاف ٹاؤن ہے، الطاف حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جمعہ کی شب اورنگی ٹاؤن میں انتخابی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ایک موقع پر اورنگی ٹاؤن کو الطاف ٹاؤن کہا۔ بعدازاں اس کا مطلب اور مقصد بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الطاف کے معنی لطف، کرم اور محبت کے ہیں اور اورنگی ٹاؤن کے عوام مجھ سے محبت کرنے والے ہیں اس جلسہ عام میں شاہ لطیفؒ، خوشحال خان خٹک، رحمان بابا اور باچا خان کے ماننے والے بھی ہیں اور یہ سب مجھ سے محبت کرتے ہیں۔

## پی ایس 94 میں حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے بڑی انتخابی ریلی نکالی

## انتخابی ریلی اورنگی ٹاؤن E-11 میں واقع آفتاب گراؤنڈ میں اختتام پذیرائی ہوئی، رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے ریلی کا استقبال کیا

کراچی۔۔۔15، اکتوبر 2010ء

پی ایس 94 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی انتخابی مہم عروج پر پہنچ گئی ہے اس سلسلے میں اورنگی ٹاؤن کے عوام کا جوش وخروش قابل دید ہے۔انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے تحت بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جس کی سربراہی حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے کی۔انتخابی ریلی اورنگی ٹاؤن میں ایم کیوایم کے یونٹس 118-B,118-A,119,120,123,124,125,126 کے علاقوں سے گزری، ریلی کے شرکاء موٹر سائیکلوں، گاڑیوں، سوزوکیوں اور ٹرکوں پر سوار تھے اس موقع پر انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر بھی اٹھا رکھی تھی، وہ پرجوش انداز میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے اور ایم کیوایم کے ترانوں اور نغموں پر والہانہ رقص کر رہے تھے۔انتخابی ریلی جن جن علاقوں سے گزری وہاں کے عوام نے ریلی کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اس موقع پر عوام کی بڑی تعداد نے ریلی کو دیکھ کر اس میں شرکت کی اور انتخابی ریلی کے ہمراہ اورنگی ٹاؤن E-11 میں واقع آفتاب گراؤنڈ پہنچے جہاں ایم کیوایم کے انتخابی جلسہ کے انعقاد کے انتظامات میں مصروف ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین فاروق بیگ، تراوش، شکیل اور سیکٹر انچارج واراکین کمیٹی نے ریلی کے شرکاء کا استقبال کیا اور ان کی انتخابی سرگرمیوں پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 17 اکتوبر حق پرست امیدوار کی فقید المثال کامیابی کا دن ہے۔

## ڈاکٹر عمران فاروق شہید، رضا حیدر شہید، اظہر الحسن شہید اور محمد آصف شہید کیلئے الطاف حسین کی خصوصی دعا

کراچی(اسٹاف رپورٹر)

اورنگی ٹاؤن میں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق، شہید رضا حیدر اور گزشتہ روز شہید ہونے والے قصبہ علی گڑھ کے کارکنان اظہر الحسن اور محمد آصف کو بھی خصوصی طور پر یاد کیا اور ان کی تحریکی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔

## اورنگی ٹاؤن کے ہزاروی محلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت امدادی پروگرام کا انعقاد

## مختلف قومیتوں کے سینکڑوں خاندانوں میں حق پرست امیدوار پی ایس 94 سیف الدین خالد نے راشن کے پیکٹ تقسیم کئے

## سیاست میں خدمت ایم کیوایم کا شعار ہے، سیف الدین خالد اور دیگر کا خطاب

کراچی۔۔۔15، اکتوبر 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اورنگی ٹاؤن کے ہزاروی محلے میں گزشتہ روز امدادی پروگرام منعقد کیا گیا جس میں سینکڑوں غرباء، مساکین اور مستحق خاندانوں میں راشن کے پیکٹ تقسیم کئے گئے۔امدادی پروگرام سے اورنگی ٹاؤن کی مختلف قومیتوں کے افراد بڑی تعداد میں مستفید ہوئے جس میں پی ایس 94 کی نشست پر ہونے والے ضمنی الیکشن میں نامزد حق امیدوار سیف الدین خالد نے شرکت کی اور غرباء، مساکین اور مستحقین میں اپنے ہاتھوں سے راشن کے پیکٹ تقسیم کئے۔امدادی پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیف الدین خالد اور دیگر نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن میں پی ایس 94 کی نشست پر ضمنی الیکشن ہو رہے ہیں لیکن جناب الطاف حسین کی خدمت کا معیار یہ ہے کہ جس طرح سالہا سال غریب عوام کی خدمت کا عمل جاری رہا ہے وہی عمل ضمنی الیکشن کے موقع پر بھی جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاست میں خدمت کا یہ معیار ایم کیوایم کا شعار ہے اور ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی بلاتفریق اور بے لوث خدمت پر یقین رکھتی ہے۔اس موقع پر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان خالد محمود اعوان، اشرف اورکزئی، زرین الرحمٰن نصرت خیل اور اعجاز مرزا بھی موجود تھے۔

## 17،اکتوبر حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی شاندار فتح کا دن ہے،مقررین
## متحدہ آرگنائزنگ کراچی کمیٹی کے تحت اورنگی ٹاؤن میں اجتماع کا انعقاد

کراچی۔۔۔15،اکتوبر2010ء

پی ایس94اورنگی ٹاؤن کی نشست پر ہونے والے ضمنی انتخابات کے سلسلے میں متحدہ آرگنائزنگ کراچی کمیٹی کے زیراہتمام گزشتہ روز اورنگی ٹاؤن نمبر10 میں کیا گیا جس میں مختلف برادریوں اورقومیتوں پختون،سرائیکی،میانوالی،ہزارہ وال،سندھی،بلوچی،پنجابی،قریش اور دیگر برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اورحق پرست نامزدامیدوار پی ایس94 سیف الدین خالد کوضمنی الیکشن میں اپنے بھرپورتعاون کا یقین دلاتے ہوئے زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرانے کے عزم کا اظہار بھی کیا ۔اجتماع سے سائٹ ٹاؤن کے سابق حق پرست ٹاؤن ناظم اظہارالحق اور سابق حق پرست نائب ناظم بادشاہ خان نے خطاب کیا۔اس موقع پر متحدہ آرگنائزنگ کراچی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شکیل عباسی ،اراکین اعجاز مراز،زرین الرحمٰن نصرت خیل،فیض الرحمٰن اقازئی،وقارشاہ ہزارہ وال قومی جرگہ کے چیئرمین اور دیگر بھی موجود تھے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 17اکتوبر کا دن قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نامزدکردہ امیدوار سیف الدین خالد کی شاندار فتح کا دن ہے اوراس دن تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراداپنے ووٹ کا استعمال سیف الدین خالد کے حق میں کرکے ثابت کردیں گے کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت پر اندھا اعتماد کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی ایس94 کی نشست پر دھاندلی کے حوالے سے جولوگ منفی پروپگینڈہ کررہے ہیں وہ شکست خوردہ ہیں ان عناصر کو ماضی میں اس نشست پر عوام نے ووٹ نہیں دیئے اورانہیں بری طرح سے مستردکردیا تھا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ ووٹ قوم کی امانت ہے اوروہ 17اکتوبر کو لازمی طور پر اپنا حق رائے دہی استعمال کریں

۔

## ایران کے قونصل جنرل عباس علی عبداللہی کا ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات
## ایم کیوایم کے کنونیرعمران فاروق کی شہادت پر اظہارِتعزیت

کراچی۔۔۔15،اکتوبر2010ء

کراچی میں متعین ایران کے قونصل جنرل عباس علی عبداللہ الہی نے جمعرات کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کیا اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور کنورخالد یونس سے ملاقات کی اورایم کیوایم کے کنونیر ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی،صوبائی وزراء فیصل سبزواری،سیدسرداراحمد بھی موجود تھے۔عباس علی عبداللہ الہی نے ایم کیوایم کے کنونیر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کی اوراُمید ظاہر کی کہ برطانوی حکومت قاتلوں کوگرفتار کرکے انہیں سزادے گی۔انہوں نے شہید کے سوگوار والدین دیگرعزیزواقارب اورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے اظہارِیکجہتی کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایران کے قونصل جنرل عباس علی عبداللہ الہی سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کا کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان گزشتہ کئی سالوں سے قدیم روابط قائم ہیں جوآئندہ بھی برقراررہیں گے اور مستقبل میں تعلقات میں مزید اضافہ ہوگا۔انہوں نے ایران کی جانب سے ہرممکن تعاون کے دوستانہ جذبے کوسراہتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا اور نائن زیرو آمد پر انکا شکریہ ادا کیا۔

## سابق وزیراعلیٰ سندھ اختر علی جی قاضی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن۔۔۔15،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق وزیراعلیٰ سندھ اختر علی جی قاضی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔جمعرات کو جناب الطاف حسین نے مرحوم کے بھائی لیاقت علی جی خان قاضی کوفون کرکے مرحوم کے انتقال پر اپنے افسوس اورتعزیت کا اظہار کیا۔لیاقت علی جی خان قاضی سے بات چیت کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے دورکنی وفد کی گاسپل پینتی کاسٹل چرچ انٹرنیشنل کے تحت دوروزہ دعائیہ اجتماع میں شرکت

کراچی۔۔۔15،اکتوبر2010ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی رشید خان نے ایم کیوایم کی اقلیتی امورکمیٹی کے رکن منور جان کے ہمراہ بدھ کے روزگاسپل پینتی کاسٹل چرچ انٹرنیشنل کے تحت ریمبوکورٹ گراؤنڈ (وائی ایم سی اے) کراچی میں منعقدہ دوروزہ عبادتی کروسیڈ کے اجتماع میں شرکت کی جوجمعرات کواختتام پذیر ہوا۔بدھ سے شروع ہونے والے عبادتی اجتماع میں کرسچن کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے مختلف فرقوں کے چرچز کے سربراہان کے علاوہ کرسچن کمیونٹی سے ہزاروں افراد نے شرکت کی،دعائیہ تقریب کے آرگنائزرریورنڈ معظم جان تھے ،اس موقع پر مذہبی علماء ریورنڈ کارلوا اینڈ سسٹر کیتھرین نے ملک کے استحکام،بقاوسلامتی،امن وامان کے قیام،عوام کی ترقی وخوشحالی اورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی،ایم کیوایم کی کامیابی سمیت ایم کیوایم کے خلاف جاری سازشوں کے خاتمے کیلئے خصوصی دعائیں کرائیں۔

## ایم کیوایم کے پانچ کارکنوں کے قتل میں ملوث لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کوگرفتار کیاجائے،ارکان قومی اسمبلی حکومت سندھ کی بعض شخصیات کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کاعمل فی الفور بند کرایاجائے

کراچی۔۔۔15،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں شہر کے مختلف علاقوں سے اغواءاور بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنائے جانے کے بعد ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکنان محمد اظہر،محمد آصف اور ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے کارکنان سید خالد حسین صدیقی،شہباز احمد اور صابر علی کو فائرنگ کر کے بیدردی سے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا کہ پے درپے ایم کیوایم کے 5 کارکنان کی شہادتیں ایم کیوایم کیلئے بڑا صدمہ ہے اوراشتعال انگیزی پھیلا کر شہر کا امن غارت کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جوحکومت کا حصہ ہوتے ہوئے بھی انتہائی صبر وتحمل کا مظاہرہ کررہی ہے اور ملک کی نازک صورتحال کے پیش نظر سیاسی استحکام،جمہوریت کے فروغ اور لینڈ ریفارمز بل کے تحت جاگیرداری نظام کے خاتمہ کیلئے عملی کردار ادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے میں لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے 5 کارکنان کواغواء کرکے نہ صرف بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے اورانتہائی بے دردی اورسفاکی سے قتل کاعمل سازشی عناصر کے مذموم اورناپاک عزائم کوظاہر کرتا ہے جسے ایم کیوایم کسی طور کامیاب نہیں ہونے دے گی۔انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی جماعتوں کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادتوں پرتعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرنے کے بجائے اشتعال انگیز بیانات دیئے جارہے ہیں لیکن ہم ان سازشی عناصر کو بتادینا چاہتے ہیں کہ شہر کا امن متحدہ قومی موومنٹ کسی طور تباہ نہیں ہونے دیگی اور سازشی عناصر کی تمام سازشوں کو ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں صبر وتحمل اور برداشت کا مظاہرہ کرکے ناکام بناتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ اگر صرف گزشتہ ایک سال کے حقائق پرمبنی ریکارڈ کودیکھا جائے تو ایسے بہت سے واقعات شہر میں رونما کئے جاچکے ہیں جن کا مقصد صاف طور پر شہر کو بدامنی کی جانب دھکیلنا اور شہر کے حالات خراب کرکے ملک پر کاری ضرب لگانا ہے لیکن اس کے باوجود ارباب اختیار اور اقتدار کی جانب سے ان سازشوں کا سنجیدگی سے نوٹس نہ لینا لمحہ فکریہ ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ لیاری گینگ وار کے ہاتھوں ایم کیوایم کے پانچ کارکنان کواغواء کے بعد بہیمانہ تشدد نشانہ بنا کر قتل میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفور گرفتار کیاجائے اور جرائم پیشہ عناصر دہشت گردوں کی بعض حکومتی شخصیات کی جانب سے سرپرستی کاعمل فی الفور بند کرایاجائے۔انہوں نے لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکنان محمد اظہر شہید،محمد آصف شہید،سید خالد حسین صدیقی شہید،شہباز احمد شہید اور صابر علی شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔

☆☆☆☆☆